ڈسٹرکٹ پولیس آفس/شعبہ تعلقات عامہ

پریس ریلیز(36)

16-01-2023

# بہاول پور (   ) آئی جی پنجاب کی ہدایت پر ڈسٹرکٹ پولیس لائن میں جنرل پریڈ کا انعقاد۔ پولیس کے چاق و چوبند دستے کی سلامی، اپنے فرائض کے ساتھ ساتھ فٹنس اور ڈسپلن پر خصوصی توجہ دی جائے، ڈی پی او عبادت نثار۔

تفصیل کے مطابق انسپکٹر جنرل آف پولیس پنجاب کی ہدایت پر علی الصبح ڈسٹرکٹ پولیس لائن میں جنرل پریڈ کا انعقاد کیا گیا۔ جنرل پریڈ میں ڈسٹرکٹ پولیس، ایلیٹ، ڈولفن فورس اور ٹریفک اسٹاف نے شرکت کی۔ پولیس کے چاق و چوبند دستوں نے پریڈ کی اور جنرل سلامی دی افسران نے جنرل پریڈ کا ملاحظہ اور ٹرن آوٹ چیک کیا۔ جنرل پریڈ کا مقصد آفیسران و جوانوں کی جسمانی فٹنس کو برقرار رکھنا ہے انہوں نے پریڈ میں شامل آفیسران اور جوانوں سے کہا کہ اپنی صحت اور فٹنس کا خاص خیال رکھیں تاکہ آپ بہتر چاق وچوبند ہو کر فرائض سر انجام دے سکیں۔ بعدازاں ایم ٹی سیکشن میں سرکاری وہیکلز کا معائنہ کیا گیا اور ڈرائیوروں کو سرکاری وہیکلز کی حفاظت کے بارے ہدایات دی گئیں۔

ترجمان بہاولپور پولیس



بہاول پور ڈسٹرکٹ پولیس لائن میں جنرل پریڈ کا انعقاد، پولیس کے چاق وچوبند دستے کی سلامی

ڈسٹرکٹ پولیس آفس / شعبہ تعلقات عامہ

پریس ریلیز (37)

15-01-2023

**بہاول پور() پولیس کی جرائم پیشہ عناصر کے خلاف گذشتہ 15 روز کی کارکردگی، 153 اشتہاری و30 عدالتی مفروران سمیت 321 ملزمان گرفتار، بھاری مقدار میں منشیات اور غیر قانونی اسلحہ برآمد، مقدمات درج۔ ضلع میں جرائم پیشہ عناصر کا قلع قمع کرنے کا تہیہ کیا ہوا ہے، معاشرے کو ایسے عناصر سے پاک کیا جائے گا، ڈی پی او عبادت نثار۔**

تفصیل کے مطابق انسپکٹر جنرل آف پولیس پنجاب کے احکامات کی روشنی میں بہاول پور پولیس نے مختلف کارروائیاں کرتے ہوئے درجنوں ملزمان کو گرفتار کرکے ان سے داؤ پر لگی رقم ،منشیات اور غیر قانونی اسلحہ برآمد کرلیا۔تھانہ سٹی حاصلپور،سٹی یزمان، ڈھوڑکوٹ، بغداد الجدید اور چنی گوٹھ پولیس نے قمار بازوں کے خلاف کارروائیاں کرتے ہوئے 06 مقدمات درج کر کے 39 ملزمان کو گرفتار کرکے ان کے قبضہ سے داؤ پر لگی ہوئی لاکھوں روپے اور جواء کا سامان برآمد کرلیا۔شراب فروشوں کے خلاف کارروائیاں کرتے ہوئے کو 32 ملزمان کو گرفتار کرکے قبضہ سے 1586 لیٹر دیسی شراب ، 230 لیٹر لہن معہ 09 چالو بھٹیاں برآمد کرلیں۔ منشیات فروشوں کے خلاف کارروائیوں میں 18 ملزمان کو گرفتار کر کے 16 کلو 290 گرام چرس ، 267 کلو بھنگ اور 50 گرام آئس برآمد کرلی۔ پولیس نے غیر قانونی اسلحہ رکھنے والوں کے خلاف کارروائیاں کرتے ہوئے 36 ملزمان کو گرفتار کرکے قبضہ سے 29 عدد پسٹل 30 بور، 01 رپیٹر، 01 کاربین، 02 رائفل، 02 بندوق اور 01 ریوالور 32 بور برآمد کرلیا۔ مجرمان اشتہاریوں کے خلاف کریک ڈاؤن کرتے ہوئے ضلع بھر کی پولیس نے کیٹگری "A" کے 18 اور "B" کے 135 سمیت 153 مجرم اشتہاری جبکہ کیٹگری "B" کے 30 عدالتی مفروران کو بھی گرفتار کرکے چالان عدالت کیا گیا ۔تھانہ کینٹ پولیس نے پکار 15 پر جھوٹی اطلاعات دینے پر 04 ملزمان کو اور ساؤنڈ ایکٹ کی خلاف ورزی پر تھانہ سول لائنز، چنی گوٹھ، خیر پور ٹامیوالی، سٹی احمد پور شرقیہ اور ڈھوڑکوٹ نے 06 مقدمات درج کر کے 09 ملزمان کو گرفتار کر کے پابند سلاسل کردیا۔ گرفتار ملزمان کے خلاف مقدمات درج کر لیے گئے۔ ڈی پی او نے اپنے پیغام میں کہا کہ ضلع میں جرائم پیشہ عناصر کا قلع قمع کرنے کا تہیہ کیا ہوا ہے، معاشرے کو ایسے عناصر سے پاک کیا جائے گا۔

ترجمان بہاولپور پولیس



بہاول پور پولیس کی جرائم پیشہ عناصر کے خلاف مہم میں بہاولپور پولیس کی گزشتہ 02 روز میں منشیات فروشوں اور اسلحہ ناجائز رکھنے والوں کے خلاف مختلف کارروائیاں